The Elevated Chain of the Naqshbandi Mujaddidi Tariqah of Hadhrat Shaykh Zulfiqar Ahmad Naqshbandi Hafizahullah

سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ

بسم الله الرحمن الرحيم

اَللّٰهُمَّ صلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ

یا الٰہی! اپنی ذات کبریا کے واسطے

فضل کر مجھ پر محمد مصطفی

صلی اللہ علیہ و سلم کے واسطے

حضرت صدیق اکبرؓ تھے خلیفۂ رسول

نورِ نسبت کر عطا اس باوفا کے واسطے

حضرت سلمان فارسؓ ہوئے شامل اہل بیت

عشق دے مجھے اپنا اس باحیا کے واسطے

حضرت قاسمؒ امام پوتے تھے صدیق کے
معرفت دے اس باخدا کے واسطے

خواجہ حضرت جعفر صادقؒ امام وقت تھے
رحم کر مجھ پر امام اصفیاء کے واسطے

قطب عالم غوث اعظم شیخ اکبر بایزیدؒ
استقامت بخش ایسے رہنما کے واسطے

خواجہ حضرت بوالحسنؒ جو ساکن خرقان تھے
ہوں لطائف جاری ایسے پر صفا کے واسطے

حضرت خواجہ ابو القاسمؒ رہے گر گان میں
ذکر کا لطف ہو نصیب اس پر ضیاء کے واسطے

شیخ عالم خواجہ حضرت بو علیؒ تھے فارمدی
دے مجھے اعمال صالح اولیاء کے واسطے

حضرت خواجہ ابو یوسفؒ جو تھے ہمدان کے
علم و حکمت ہو عطا اس پر سخا کے واسطے

خواجہ **عبد الخالق**ؒ غجدوانی تھے فرد فرید
درد اپنا کر عطا خواجہ جہا کے واسطے

حضرت خواجہ **محمد عارف**ؒ باللہ ریوگری
خوب ہو عرفان حاصل اتقیاء کے واسطے

خواجہ **محمد**ؒ تھے مانند فغنہ کی انجیر
زندگی محمود ہو در بے بہا کے واسطے

حضرت خواجہ **عزیزان علی**ؒ رامیتنی
نام تیرا ہو عزیز اس بے ریا کے واسطے

حضرت **بابا سماسی**ؒ عاشق ذات خدا
عشق سے سینہ جلے عاشق خدا کے واسطے

حضرت شاہ **کلاں میر سید متقی**ؒ
نفس ہو مغلوب ایسے مقتدا کے واسطے

پیر پیراں شیخ دوراں خواجہ **حضرت نقشبند**ؒ
نقش اسم ذات دل پر ہو خدا کے واسطے

حضرت خواجہ **علاؤالدین**ؒ جو عطار تھے
دل معطر ہو مرا اس خوش لقا کے واسطے

حضرت **یعقوب چرخی**ؒ عاشق قرآن تھے
سستی غفلت دور ہو اس خوش لقا کے واسطے

حضرت خواجہ **عبید اللہ**ؒ جو احرار تھے
ہو گناہوں سے رہائی دلربا کے واسطے

خواجہ مولانا **محمد زاہد**ؒ روشن ضمیر
ہم کو بھی زاہد بنا اہل دعا کے واسطے

خواجہ **درویش محمد**ؒ شاہ درویشاں جو تھے
ہم کو درویش کر صاحب عبا کے واسطے

خواجہ امکنگی **محمد مظہر**ؒ اسرار حق
ہوں ہمیں اسرار حاصل با خدا کے واسطے

حضرت خواجہ **محمد باقی باللہ**ؒ رازداں
رازداں مجھ کو بنا شہ اولیاء کے واسطے

حضرت خواجہ **مجدد الف ثانی**ؒ اہل دل
دل منور کرمرا اس دل صفا کے واسطے

عروۃ الوثقی خواجہ **محمد معصوم**ؒ باکمال
ہو کمال ہم کو عطا اس حق نما کے واسطے

خواجہ **سیف الدین**ؒ صاحب سیف تھے جو دین کے
سر کٹے حرص و ہوا کا بے نوا کے واسطے

حضرت حافظ **محمد محسن**ؒ تھے کتنے حسین
ظاہر و باطن ہو اچھا خوش ادا کے واسطے

خواجہ سید **نور محمد**ؒ تھے وہ نور علی نور
نور سے سینہ بھرے سید صفا کے واسطے

مرزا **مظہر جان**ؒ **جاناں** تھے حبیب اللہ شہید
رکھ شریعت پر مجھے پیر ھدٰ کے واسطے

حضرت خواجہ **غلام علی**ؒ مجدد دہلوی
خاص بندوی سے بنا اس جاں فدا کے واسطے

قطب دوراں حضرت شاہ **بو سعید**ؒ دہلوی
مجھ کو مل جائے سعادت اہل عطا کے واسطے

حضرت **احمد سعید**ؒ دہلوی مدنی ہوئے
ذوق و شوق اپنا تو دی اس باحیا کے واسطے

حضرت حاجی **دوست محمد**ؒ تھے نہایت پارسا
پارسائی کر عطا اپنی رضا کے واسطے

حضرت **عثمان دامانی**ؒ قطب تھے وقط کے
ہوں روا حاجات اھل اجتباء کے واسطے

حضرت خواجہ **سراج الدین**ؒ تھے عالی مقام
کر سراج دل کو روشن پر ضیاء کے واسطے

شاہ تاج اولیاء **فضل علی**ؒ مسکین پوری
فضل تیرا ہم پہ ہو اس باصفا کے واسطے

خواجہ **عبد المالک**ؒ صدیقی امام الاولیاء
بخش دے ہم سب کو تو اس رہنما کے واسطے

مرکز توحید سے پاتے ہیں فیض حضرۃ حبیبؒ
نقش دوئی کاٹے با خدا کے واسطے

حضرت ذوالفقار احمد طالب وصل حبیب
وصل اپنا کر عطا سب اولیاء کے واسطے

کر قبول ان ناموں کی برکت سے ہر جائز دعا
یا رب ! اپنے رحمت بے انتہا کے واسطے

دل مرا رکھ دائما ذاکر بذکر اسم ذات
اے خدا ! جملہ مقدس اصفیاء کے واسطے

خاتمہ بالخیر ہو میری خطائیں معاف کر
اپنی رحمانی رحیمی اور عطا کے واسطے

اَللّٰھُمَّ صلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ